**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**15- دسمبر 2021**

# پریس ریلیز

## اسلامی تعلیمات اپنا کر دین کی حقیقی تصویر پیش کی جاسکتی ہے۔

## دین کی دعوت دینا اور اسلام کے نفاذ کی جدوجہد کرنا ہر مسلمان کے ایمان کا تقاضا ہے۔

## سودی نظام، غیر اسلامی رسومات اور بے حیائی نے مسلمانوں کی غیرت وحمیت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر) اسلامی تعلیمات اپنا کر عہدِ حاضر میں دین اسلام کی حقیقی تصویر پیش کی جاسکتی ہے۔ پورے دین کی دعوت دینا اور اسلام کے غلبے اور نفاذ کی جدوجہد کرنا ہر مسلمان کے ایمان کا تقاضا ہے۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے مسجد نور الہدیٰ فیروز والہ لاہور میں ''سیرت مصطفیٰ ﷺ'' کے موضوع پر ایک عظیم الشان جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اُنھوں نے کہا کہ نبوت اور رسالت محمدی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے اپنا احسانِ عظیم قرار دیا ہے، ہدایت کے بغیر ہر چیز انسان کے لیے وبال جان اور زحمت کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ مسلمانوں کو جس قدر نعمتِ ہدایت کی اہمیت کا ادراک اور احساس ہوگا اسی قدر حضور ﷺ سے محبت اور اطاعت کا جذبہ بھی پیدا ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ خاتم الرسل ﷺ اور امام الانبیاء ﷺ کے اعلیٰ ترین منصب پر فائز ہونے کے باوجود نبی رحمت ﷺ نے دین کی سربلندی کے لیے آزمائشوں اور قربانیوں کی حامل بھرپور زندگی گزاری جو ہر مسلمان کے لیے مشعل راہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی لیے نبی کریم ﷺ کی زندگی کو بہترین نمونہ قرار دیا۔

امیر تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے کہا کہ سودی نظام، غیر اسلامی رسومات، بے حیائی اور بے پردگی نے مسلمانوں کی دینی غیرت وحمیت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ دینی احکامات پر عمل پیرا نہ ہونے کے سبب امت مسلمہ کفار کے ہاتھوں ذلت و رسوائی کا شکار ہے۔ اس نقصان کے ازالے کے لیے پوری امت مسلمہ کو صحابۂ کرامؓ جیسے ایمان و عمل کا عملی ثبوت دینا ہوگا۔

**جاری کردہ**

**وسیم احمد**
**نائب ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**